© rasailojaraid.com

تبصرے

مسند امام اعظم ابو حنیفہ مترجم اردو | تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۱۴ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد درج نہیں غالباً آٹھ روپیہ ہوگی پتہ:۔ محمد سعید صاحب اینڈ سنز۔ ناشران و تاجران کتب قرآن محل۔ مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی

کس قدر عجیب بات ہے کہ مخالفین ہمیشہ سے یہ کہتے چلے آئے ہیں کہ امام ابو حنیفہ کو حدیث میں درک نہیں تھا۔ اس بنا پر اُن کا سرمایۂ اجتہاد قیاس ہی ہے۔ حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ امام عالی مقام کے مسانید یعنی احادیث کا وہ مجموعہ جن کی روایت کا سلسلہ امام صاحب پر منتہی ہوتا ہے تعداد کے اعتبار سے امام مالک کے مسانید سے دوسرے نمبر پر ہی ہے پھر جن حضرات نے امام صاحب کے ان روایات کو مدون و مرتب کیا اُن میں سے ہر ایک خود اپنی جگہ پر امام فن ہے اس سے اندازہ ہوگا کہ امام صاحب کی روایات کو کیا مرتبہ و وقار حاصل تھا زیر تبصرہ کتاب بھی امام اعظم کی مرتب کردہ ہے جس میں سوا پانچ سو روایات مختلف ابواب فقہ کے ماتحت مندرج ہیں مولانا سعید حسن ٹونکی نے ہر حدیث کا شگفتہ اُردو میں ترجمہ کیا اور حسب ضرورت اُس پر مفید نوٹ لکھے ہیں شروع میں مولانا عبدالرشید نعمانی کے قلم سے ایک فاضلانہ مقدمہ ہے جس میں تحقیق و جستجو سے امام اعظم کی روایات کو جن محدثین نے مدون کیا اُن کے حالات، فن حدیث میں امام صاحب کا مقام۔ مسند امام ابی حنیفہ کا محدثین کے نزدیک مرتبہ و مقام ان سب چیزوں پر روشنی ڈالی ہے اس مقدمہ کے بعد مختصراً امام صاحب کے حالات قاری احمد صاحب کے قلم سے ہیں، غرض کہ علماء۔ طلبا اور عوام ہر ایک کے لئے یہ مجموعہ نعمت غیر مترقبہ ہے

تجرید صحیح بخاری اردو | تقطیع کلاں۔ ضخامت ۵۲۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد درج نہیں۔ مندرجہ بالا پتہ سے ملے گی محمد سعید صاحب اینڈ سنز نے احادیث کے مجموعوں

© rasailojaraid.com